
# EID UL ADHA AND HAJJ



THE ILM FOUNDATION
7/190, Block-3, D.M.C.H. Society, Karachi-74800, (Pakistan).
Phone : (92-21) 3206 80 83 Email : tif1430@gmail.com

## 1. Islamic / Hijri Year :

The Islamic year is known as Hijri year. It began with the Hijrah of the Prophet ﷺ from Makkah to Madinah in the year 622 C.E. The twelve-month year is based on a purely lunar cycle of 354 days. Over the course of years all Islamic events may occur in spring, summer, autumn or winter.



## 2. Importance of Islamic Calendar :

Many commandments of Islam are based on islamic calendar like starting and ending of Ramadan, celebrating Eid ul Fitr and Eid ul Adha, performing Hajj and calculating Zakat etc.

## 3. 12 Months of Islamic Calendar :

1. Muharram
2. Safar
3. Rabi Ul Awwal
4. Rabi Us Saani
5. Jamadi Ul Awwal
6. Jamadi Us Saani
7. Rajab
8. Sha'abaan
9. Ramadan
10. Shawwal
11. Dhul Qa'adah
12. Dhul Hijjah

## 4. The month of Dhul Hijjah :

Dhul Hijjah is the last month of the Islamic calendar. Literally, it means (the month of) "Hajj." The great annual worship of "Hajj" is performed in this month. The first ten days of this month are very sacred. Eid ul Adha is celebrated on the 10$^{th}$ of this month and Sacrifice is offered.

## 5. First ten days of Dhul Hijjah :

"It is recommended that after sighting the moon of Dhul Hijjah, one should not cut or trim his/her hair and nails until one has offered the sacrifice." (Muslim).

The Prophet ﷺ said, "No good deeds done on other days are superior to those done on these." (Bukhari)

The Prophet ﷺ said, "One fast during these days is equal to the fasting of one complete year, and the worship of one night during this period is equal to the worship in the "Laylatul-Qadr" (Tirmidhi).

The Prophet ﷺ said, "The fast of 9th compensates the sins of the preceding year and the coming year." (Muslim)

"Beginning from the Fajr of the 9th Dhul Hijjah up to the 'Asr prayer of the 13th, it is recommended to recite the Takbir of Tashriq after every fard prayer." (Tabrani)

## 1. اسلامی ہجری سال :



اسلامی سال ہجری سال کہلاتا ہے۔ اس کا آغاز محمد ﷺ کی مکّہ سے مدینہ ہجرت 622ء عیسوی سے ہوا۔ بارہ ماہ کا اسلامی قمری سال 354 دنوں پر مشتمل ہے۔ چند سال کے عرصہ کے دوران تمام اسلامی تہوار مختلف موسموں یعنی گرمی، سردی، خزاں اور بہار میں آتے ہیں۔

## 2. اسلامی کلنڈر کی اہمیت :

اسلام کے بیشتر احکامات اسلامی کلنڈر کے مطابق ہیں جیسے رمضان کا آغاز اور اختتام، عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ، حج اور زکوٰۃ کا حساب وغیرہ۔

## 3. اسلامی کلنڈر کے بارہ مہینے :

1. مُحَرَّم
2. صَفَر
3. رَبِيع الأوّل
4. رَبِيع الثّاني
5. جُمَادي الأوّل
6. جُمَادي الثّاني
7. رَجَب
8. شَعبان
9. رَمَضان
10. شَوّال
11. ذُوالقَعدة
12. ذُوالحِجّة

## 4. ذوالحجّہ کا مہینہ :

ذوالحجّہ اسلامی سال کا آخری مہینہ ہے۔ اس کے لغوی معنی ہیں حج والا مہینہ۔ جیسا کہ ہر سال حج کی عظیم عبادت اس مہینہ میں ادا کی جاتی ہے۔ اس مہینہ کا پہلا عشرہ بہت عظمتوں والا ہے۔ اس مہینہ کی 10 تاریخ کو عیدالاضحیٰ منائی جاتی ہے اور قربانی پیش کی جاتی ہے۔

## 5. ذوالحجّہ کے پہلے ۱۰ دن :

”یہ بات پسندیدہ ہے کہ ذوالحجّہ کا چاند دیکھے جانے کے بعد بال اور ناخن نہ تراشے جائیں یہاں تک کہ جانور قربان کر دیا جائے۔“ (مسلم)

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ”ان دس دنوں میں کیے جانے والے نیک اعمال سے بڑھ کر کسی دوسرے دن کے اعمال نہیں ہو سکتے۔“ (بخاری)

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ”ان دنوں کے روزہ کا ثواب سال بھر کے روزوں کے برابر اور ان کی ایک رات کی عبادت کا ثواب لیلۃ القدر کی عبادت کے برابر ہے۔“ (ترمذی)

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ”ذوالحجّہ کا روزہ اگلے اور پچھلے سال کے گناہوں کا کفّارہ بن جاتا ہے۔“ (مسلم)

”ذوالحجّہ کی فجر سے لے کر 13 ذوالحجّہ کی عصر تک ہر مسلمان کو فرض نماز کے بعد تکبیرات تشریق پڑھنا چاہیے۔“ (طبرانی)

## 6. Eid Ul Adha :

*It is the festival of sacrifice which marks the end of the Hajj. It is celebrated on 10th of Dhul Hijjah by all Muslims, not just those who are on the pilgrimage. The festival reminds of the Prophet Ibrahim عليه السلام's willingness to sacrifice his son when Allah سبحانه وتعالى ordered him to do so.*

*Prophet صلى الله عليه وسلم said, "Allah سبحانه وتعالى has appointed two better days for you in the year- the days of Eid-ul-Fitr and Eid-ul-Adha."* (Bukhari)

## 7. Etiquettes of the Eid Day :

1. *to wake up early in the morning*
2. *to clean one's teeth*
3. *to take a bath*
4. *to put on one's best available clothes*
5. *to use perfume*
6. *not to eat before the Eid prayer*
7. *to recite the Takbir of Tashriq in a loud voice while going to the Eid prayer*
8. *to perform Eid Prayer in congregation*
9. *to offer sacrifice after Eid Prayer (those who can afford) and*
10. *to share the Eid celebrations with the poor.*

## 8. Sacrifice (Qurbani) :

*It is an act of worship by scarifying animals, usually goats, sheep, cows and camels, on the specified days of Dhul Hijjah for seeking pleasure of Allah سبحانه وتعالى . The meat is distributed among family, friends and the poor. Qurbani reminds us the great sacrifice offered by Prophet Ibrahim عليه السلام .*

*Allah سبحانه وتعالى said: "Offer prayer for your Lord, and do the sacrifice."* (Surah Al-Kauthar: Ayat 2)

## 9. History of Qurbani :

*Allah سبحانه وتعالى said: So We gave him (Ibrahim عليه السلام) the glad tidings of a tolerant boy. And, when he (Ismail عليه السلام) was old enough to walk with him, he said: "O my son! I have seen in a dream that I am offering you in sacrifice, so reflect what you think!" He said: "O my father! Do that which you are commanded, if Allah سبحانه وتعالى wills, you shall find me amongst the patient ones. Then, when they had both submitted themselves (to the Will of Allah سبحانه وتعالى), and he had laid him prostrate on his forehead; and We called out to him "O Ibrahim عليه السلام ! You have fulfilled the dream" Verily! Thus do We reward the good-doers. Verily, that indeed was a manifest trial and We saved him with a great sacrifice.* (Surah Saffaat: Ayaat 101-107)

## 6. عیدالاضحیٰ :

یہ قربانی کا تہوار ہے جس پر حج کا اختتام ہوتا ہے۔ 10 ذوالحجّہ کو تمام مسلمان عیدالاضحیٰ مناتے ہیں نہ کہ صرف وہ جو حج کر رہے ہوں۔ یہ تہوار حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اللہ سبحانہ تعالیٰ کے حکم پر اپنے بیٹے کو قربان کردینے کے لئے تیار ہوجانے کی یاد دلاتا ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ سبحانہ تعالیٰ نے تمہیں دو بہتر دن (تہوار کے طور پر) عطا فرمائے ہیں یعنی عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ۔'' (بخاری)

## 7. عید کے دن کے آداب :

1- صبح جلدی نیند سے بیدار ہونا
2- دانت صاف کرنا
3- غسل کرنا
4- اچھا لباس پہننا
5- خوشبو لگانا
6- عیدالاضحیٰ کی نماز سے پہلے کچھ نہ کھانا
7- عید کی نماز پڑھنے کے لیے جاتے ہوئے تکبیرات تشریق بلند آواز سے پڑھنا
8- جماعت کے ساتھ عید کی نماز پڑھنا
9- عید کی نماز پڑھنے کے بعد قربانی ادا کرنا (بقدر استطاعت) اور
10- غریبوں کو بھی عید کی خوشیوں میں شریک رکھنا۔

## 8. قربانی :

یہ ایک عبادت ہے جو جانور قربان کر کے کی جاتی ہے۔ عموماً بکریاں، بھیڑیں، گائیں اور اونٹ ذوالحجّہ کے مخصوص دنوں میں اللہ سبحانہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر قربان کئے جاتے ہیں۔ قربانی کا گوشت رشتہ داروں، دوستوں اور غریبوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ قربانی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عظیم قربانی کی یاد دلاتی ہے۔

اللہ سبحانہ تعالیٰ نے فرمایا: ''پس نماز قائم کیجئے اپنے رب کے لئے اور قربانی کیجئے۔'' (سورۃ الکوثر آیت: 2)

## 9. قربانی کی تاریخ :

اللہ سبحانہ تعالیٰ نے فرمایا:

''پس تو ہم نے ان کو ایک نرم دل لڑکے کی خوشخبری دی (101)۔ جب وہ اسماعیل علیہ السلام ان کے ساتھ دوڑنے (کی عمر) کو پہنچا تو ابراہیم علیہ السلام نے کہا کہ بیٹا میں خواب میں دیکھتا ہوں کہ (گویا) تم کو ذبح کر رہا ہوں تو تم سوچو کہ تمہارا کیا خیال ہے؟ انہوں نے کہا کہ ابّا جان جو آپ کو حکم ہوا ہے وہی کیجئے اللہ سبحانہ تعالیٰ نے چاہا تو آپ مجھے صابروں میں پائیں گے (102)۔ جب دونوں نے حکم مان لیا اور باپ نے بیٹے کو ماتھے کے بل لٹا دیا (103)۔ تو ہم نے ان کو پکارا کہ اے ابراہیم علیہ السلام (104)۔ تم نے خواب کو سچا کر دکھایا۔ ہم نیکوکاروں کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں (105)۔ بلاشبہ یہ کھلی آزمائش تھی (106)۔ اور ہم نے ایک بڑی قربانی سے ان کا فدیہ دیا (107)۔'' (سورالصّٰفّٰت آیات 101 تا 107)

## 10. Importance of Qurbani :

*The companions رضي الله عنهم asked the Prophet ﷺ "What is Qurbani?" He said, "This is the sunnah of your father Prophet Ibrahim عليه السلام." The companions رضي الله عنهم said, "What will we get in this?" He said, "A virtue for every hair (of an animal)." (Ibn e Majah)*

*"There is no dearer deed of children of Prophet Adam عليه السلام in the days of Qurbani than flowing the blood (of an animal)." (Tirmidhi)*

*"Those who cannot afford to offer animal sacrifice will get the reward of sacrifice by not cutting or trimming their hair and nails from the sighting of the moon of Dhul Hijjah till the Day of the Eid." (Abu Dawood)*

### MOST OBEDIENT FAMILY IN HISTORY :

| Mother : Humbleness of | Father : Submission of | Son : Devotion of |
|---|---|---|
| Hajra عليها السلام | Ibrahim عليه السلام | Ismail عليه السلام |

*A perfect example of a Muslim family! Helping one another on their way to Jannah.*

## 11. Lessons from the Qurbani :

1. Total submission to Allah سبحانه وتعالى.
2. Allah سبحانه وتعالى's order is superior to human intellect.
3. Love of Allah سبحانه وتعالى makes humans do superhuman things.
4. Love of Allah سبحانه وتعالى brings out the best in people.
5. Greater the sacrifice, greater the reward.
6. A Muslim should be willing to sacrifice all he/she has for the pleasure of Allah سبحانه وتعالى.
7. Sacrifice is a means of getting closer to Allah سبحانه وتعالى.
8. Priority of Hereafter over worldly life.
9. Support of poor and needy.
10. It reminds us about the most obedient family.

## 10. قربانی کی اہمیت :

صحابہ کرام رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ قربانی کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تمہارے والد حضرت ابراہیم علیہ السلام کی سنّت ہے۔''
صحابہ کرام رضی اللہ عنہ نے پوچھا اس میں ہمیں کیا (ثواب) ملے گا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''(جانور کے) ہر بال کے عوض ایک نیکی ملے گی۔'' (ابن ماجہ)

''قربانی کے دن ابنِ آدم علیہ السلام کا کوئی عمل جانور کے خون کے بہانے سے زیادہ (اللہ سبحانہ تعالیٰ کے نزدیک) پسندیدہ نہیں۔'' (ترمذی)

وہ لوگ جو قربانی کا جانور ذبح کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے، ان کو قربانی کا ثواب اس طرح مل سکتا ہے کہ وہ ذوالحجہ کا چاند نظر آنے کے بعد سے عید کے دن تک اپنے بال اور ناخن نہ تراشیں۔ (ابوداؤد)


### تاریخ کا سب سے فرمانبردار گھرانہ :

| بیٹا : | والد : | والدہ : |
|---|---|---|
| حضرت اسماعیل علیہ السلام | حضرت ابراہیم علیہ السلام | حضرت حاجرہ علیہ السلام |
| کی تابعداری | کی فرمانبرداری | کی عاجزی |

ایک مسلمان گھرانے کی کامل مثال جنہوں نے جنّت کے حصول کے لئے ایک دوسرے کی مدد کی۔

## 11. قربانی کا حاصل :

1. اللہ سبحانہ تعالیٰ کی کامل فرمانبرداری۔
2. اللہ سبحانہ تعالیٰ کا حکم انسانی عقل سے بڑھ کر ہے۔
3. اللہ سبحانہ تعالیٰ کی محبت انسان کو عظیم تر بنا دیتی ہے۔
4. اللہ سبحانہ تعالیٰ کی محبت انسان میں بہترین صفات پیدا کر دیتی ہے۔
5. جتنی بڑی قربانی ہوتی ہے اتنا ہی عظیم ثواب ہوتا ہے۔
6. ایک مسلمان کو اللہ سبحانہ تعالیٰ کی رضا کے لئے اپنا سب کچھ قربان کرنے کے لئے تیار رہنا چاہیئے۔
7. قربانی اللہ سبحانہ تعالیٰ کے قرب کے حصول کا ذریعہ ہے۔
8. آخرت کو دنیا پر ترجیح دینا چاہیئے۔
9. قربانی محتاجوں اور ضرورت مندوں کی مدد کا ذریعہ ہے۔
10. قربانی اللہ سبحانہ تعالیٰ کی کامل فرمانبرداری کرنے والے گھرانے کی یادگار ہے۔



# 12. HAJJ :

*Pilgrimage (Hajj) is one of the five pillars of Islam. Every adult Muslim who can afford it physically and financially must perform Hajj once in his/her life.*

## 13. Significance of Hajj :

*Allah سبحانه وتعالى said: "Hajj (pilgrimage) to the House (Ka'abah) is a duty that mankind owes to Allah سبحانه وتعالى, those who can afford." (Surah Aal e Imran Ayat: 97).*

*Prophet ﷺ said: "Hajj wipes out whatever (sins) came before it." (Muslim).*

*Prophet ﷺ said: "The reward of Hajj Mabroor (accepted) is Jannah." (Bukhari).*


## 14. Places related to Hajj :

**MAKKAH**



*The sacred city in Saudi Arabia, where the Holy Ka'abah is located.*

**KAABAH**




*Cube shaped house of Allah سبحانه وتعالى (بيت الله)*

**HAJRE ASWAD**




*The black stone embedded in Ka'abah which marks the beginning of tawaf.*

**SAFA and MARWAH**




*Two hills near the Ka'abah between which Saee is performed.*

**MINA**



*A site on the outskirts of Makkah where pilgrims camp.*

**JAMARAAT**



*The three pillars which are stoned by pilgrims.*

**ARAFAT**



*A plain near Makkah where pilgrims congregate on the 9th of Dhul Hijjah.*

**MUZDALIFAH**




*The place between Arafat and Mina where pilgrims stay over night.*

**MADINAH**



*The city of our Beloved Prophet ﷺ, where Masjid e Nabwi is situated.*



## 12. حج:

حج ارکانِ اسلام میں سے ایک رکن ہے۔ ہر بالغ مسلمان جو جسمانی اور مالی استطاعت رکھتا ہو، اس پر اپنی زندگی میں ایک مرتبہ حج ادا کرنا فرض ہے۔

## 13. حج کی اہمیت:


اللہ سبحانہٗ تعالیٰ نے فرمایا: ''لوگوں پر (اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کے) گھر کا حج لازم ہے جو کوئی اس کی استطاعت رکھتا ہو۔'' (سورۃ آل عمران آیت: 97)

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''حج گزشتہ گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔'' (مسلم)

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''حج مبرور (مقبول) کا اجر صرف جنت ہے۔'' (بخاری)


## 14. حج سے متعلق اہم مقامات:

### مکّہ



سعودی عرب کا مقدس شہر جہاں خانہ کعبہ واقع ہے۔

### کعبہ




چوکور شکل میں تعمیر شدہ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کا گھر (بیت اللہ)۔

### حجرِ اسود




کعبہ میں نصب سیاہ پتھر جہاں سے طواف کا آغاز کیا جاتا ہے۔

### صفا و مروہ



کعبہ کے قریب دو پہاڑیاں جن کے درمیان سعی کی جاتی ہے۔

### منیٰ




شہر مکہ کا ایک مضافاتی مقام جہاں حجّاج کرام خیموں میں قیام کرتے ہیں۔

### جمرات



تین ستون جنہیں حجّاج کرام کنکریاں مارتے ہیں۔

### عرفات



مکّہ کے قریب ایک میدان جہاں حجاج 9 ذوالحجہ کو جمع ہوتے ہیں۔

### مزدلفہ



عرفات اور منیٰ کا درمیانی علاقہ جہاں حجّاج رات بسر کرتے ہیں۔

### مدینہ



ہمارے پیارے نبی ﷺ کا شہر جہاں مسجدِ نبوی ﷺ واقع ہے۔

# 15. DAY BY DAY PROCESS OF PERFORMANCE OF HAJJ :

### Going to Mina : 8th Dhul Hijjah (Youm ut Tarwiya)

1. Wearing Ihram (dress of pilgrims).
2. Making intention for Hajj.
3. Staying in Mina.

### Going to Arafat : 9th Dhul Hijjah (Youm ul Arafat)

1. Leaving from Mina for Arafat in the morning.
2. Staying in Arafat until sunset (Waquf).
3. Glorify Allah سبحانه وتعالى , repenting and making supplications to Allah سبحانه وتعالى .

### Going to Muzdalifah

1. Leaving for Muzdalifah soon after sunset.
2. Performing Maghrib and Isha prayers combined.
3. Staying overnight and performing Fajr prayer in Muzdalifah.

### Returning to Mina : 10th Dhul Hijjah (Youm un Nahar)

1. Shortly before sunrise, leaving Muzdalifah for Mina.
2. Stonning Jamaraat Al- Kubra (largest pillar stoned in Mina).
3. Slaughtering the animal.
4. Shaving head or trimming hair.
5. Taking off Ihram garments.
6. Going to Makkah for Tawaf.
7. Making Sa'ee between Safa and Marwah.

### Return to Mina : 11th to 13th Dhul Hijjah (Ayyam ut Tashreeq)

1. Spending the Tashreeq days in Mina.
2. Stoning all 3 Jamaraat (As-Sughra, Al-Wusta and Al-Kubra).
3. One may leave on the 12th after stoning the 3 Jamaraat if he/she wishes.



### Going to Madinah :

It is recommended to visit the Prophet ﷺ's Masjid in Madinah but this is not part of Hajj.

# 16. LESSONS FROM HAJJ :

1. It develops a person spiritually and makes him/then closer to Allah سبحانه وتعالى .
2. It reminds us of the purpose of life, that is to worship Allah سبحانه وتعالى .
3. It develops patience.
4. It reminds us of the Day of Judgment.
5. It teaches us simplicity in life.
6. It prepares us to sacrifice whatever we have to please Allah سبحانه وتعالى .
7. It reminds us of the sacrifices of Hazrat Ibrahim عليه السلام .
8. It is a practical demonstration of universal brotherhood and unity .
9. It inculcates the sense of being a part of the Muslim Ummah.
10. It prepares us for a collective struggle in the way of Allah سبحانه وتعالى .

## 15. ادائیگی حج قدم بقدم :

### منٰی روانگی: 8 ذوالحجّہ (یوم ترویہ)




1- احرام (حاجیوں کا لباس) پہننا۔
2- حج کی نیت کرنا۔
3- منی میں قیام کرنا۔

### عرفات روانگی: 9 ذوالحجّہ (یومِ عرفات)




1- صبح کے وقت منی سے عرفات کی طرف روانہ ہونا۔
2- عرفات میں سورج غروب ہونے تک قیام کرنا (وقوفِ عرفات)۔
3- اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کی حمد کرنا، توبہ کرنا اور اللہ سبحانہٗ تعالیٰ سے دعائیں مانگنا۔

### مزدلفہ روانگی:

1- غروبِ آفتاب کے فوراً بعد مزدلفہ کی طرف روانہ ہونا۔
2- مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کرنا۔
3- رات کو قیام کرنا اور فجر کی نماز مزدلفہ میں ادا کرنا۔

### منٰی واپسی: 10 ذوالحجّہ (یومِ نحر)





1- سورج نکلنے سے پہلے ہی مزدلفہ سے منی کی طرف روانہ ہونا۔
2- بڑے جمرات کو کنکریاں مارنا۔
3- قربانی کرنا۔
4- سر منڈوانا یا بال ترشوانا۔
5- احرام کھولنا۔
6- طواف کے لئے مکہ جانا۔
7- صفا ومروہ کے درمیان سعی کرنا۔

### منٰی واپسی: 11 سے 13 ذوالحجّہ (ایامِ تشریق)




1- ایامِ تشریق منٰی میں گزارنا۔
2- جمرات کے تینوں ستونوں کو کنکریاں مارنا (الصغریٰ، الوسطیٰ اور الکبریٰ)۔
3- 12 ذوالحجّہ کو بھی تینوں جمرات کو کنکریاں مارنے کے بعد واپس آیا جا سکتا ہے۔

### مدینہ روانگی :



یہ بات پسندیدہ ہے کہ مدینۃ المنوّرہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد کی زیارت کی جائے لیکن یہ حج کا حصہ نہیں ہے۔

## 16. حج کا حاصل :

1- یہ انسان کی روحانی ترقی اور اللہ سبحانہٗ تعالیٰ سے قربت کا ذریعہ ہے۔
2- یہ ہمیں زندگی کا مقصد یاد دلاتا ہے جو کہ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کی عبادت کرنا ہے۔
3- اس سے صبر کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔
4- یہ ہمیں یومِ حساب کی یاد دلاتا ہے۔
5- یہ ہمیں زندگی میں سادگی اختیار کرنا سکھاتا ہے۔
6- یہ ہمیں اپنا سب کچھ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کی رضا کی خاطر قربان کرنے کے لئے تیار کرتا ہے۔
7- یہ ہمیں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔
8- یہ عالمی اخوت اور اتحاد کا عملی نمونہ پیش کرتا ہے۔
9- یہ ہم میں مسلمان امّت کا ایک حصہ ہونے کا احساس پیدا کرتا ہے۔
10- یہ ہمیں اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کے راستے میں اجتماعی کوشش کرنے کے لئے تیار کرتا ہے۔

## 17. GLIMPSES FROM THE LAST SERMON OF THE HOLY PROPHET ﷺ :
### *A Charter of human rights, peace and prosperity!*

*This sermon was delivered by Prophet Muhammad ﷺ at Arafat . After praising Allah سبحانه و تعالى the Prophet ﷺ talked about the following:*

1. *One should worship Allah سبحانه و تعالى alone.*
2. *Every one would be held accountable for his/her actions.*
3. *Life, property and honor of every Muslim is sacred.*
4. *Allah سبحانه و تعالى has forbidden Riba (interest).*
5. *One should remain beware of Satan.*
6. *Human rights should be fulfilled.*
7. *All Muslims are brothers and equal.*
8. *Superiority in the eyes of Allah سبحانه و تعالى is due to piety alone.*
9. *The Ummah will not go astray if it follows the Quran and Sunnah.*
10. *The Ummah should convey Prophet ﷺ's teachings to others.*

*"O People, just as you regard this month, this day, this city as sacred, so regard the life and property of every Muslim as a sacred trust."*

*"Know that every Muslim is the brother of another Muslim and you are equal. Nobody has superiority over another except by piety and good action." (Ahmad)*

## *18. SELF ASSESMENT SHEET :*

| | ACTIVITIES | YES | NO |
|---|---|---|---|
| 1 | Do I recite the Masnoon dua when sighting the moon? | | |
| 2 | Do I observe fasts in the first ten days of Dhul Hijjah? | | |
| 3 | Do I recite the Takbiraat in Dhul Hijjah? | | |
| 4 | Do I follow the manners of Eid ul Adha? | | |
| 5 | Do I offer the Eid Prayer? | | |
| 6 | Do I/my family offer the sacrifice on Eid? | | |
| 7 | Do I take care of the poor and the needy? | | |
| 8 | Do I take good care of the scarifying animal(s)? | | |
| 9 | Do I show off my scarifying animal(s) among my friends? | | |
| 10 | Do I make sure to keep my neighborhood clean after the sacrifice? | | |
| 11 | Do I pray 5 times a day? | | |
| 12 | Do I recite the Holy Quran daily? | | |
| 13 | Do I follow the eating manners of the Prophet ﷺ? | | |
| 14 | Do I follow the drinking manners of the Prophet ﷺ? | | |
| 15 | Do I follow the sleeping manners of the Prophet ﷺ? | | |
| 16 | Do I say the truth always? | | |
| 17 | Do I keep my promises? | | |
| 18 | Do I safeguard the trust of others? | | |
| 19 | Do I greet every one with As salamu alaikum? | | |
| 20 | Do I respect and obey my parents? | | |
| 21 | Do I take care of cleanliness? | | |
| 22 | Do I respect and obey my teachers? | | |
| 23 | Do I try to give up any bad habits? | | |
| 24 | Do I listen to music? | | |
| 25 | Do I misbehave with my sisters, brothers and friends? | | |
| 26 | Was I truthful in answering the above questions? | | |

## 17. آپ ﷺ کے خطبہ حجۃ الوداع سے چند خاص نکات :

### انسانی حقوق، امن اور خوشحالی کی ایک عظیم دستاویز!

یہ خطبہ نبی اکرم ﷺ نے عرفات میں ارشاد فرمایا۔ اللہ سبحانہ تعالیٰ کی حمد و تعریف کے بعد نبی اکرم ﷺ نے مندرجہ ذیل ہدایات فرمائیں:

1- صرف اللہ سبحانہ تعالیٰ ہی کی عبادت کرو۔
2- ہر شخص کو اپنے کیئے کا حساب دینا پڑے گا۔
3- ہر مسلمان کی جان و مال اور عزت محترم ہے۔
4- اللہ سبحانہ تعالیٰ نے سود کو حرام قرار دیا ہے۔
5- ہر ایک کو شیطان سے بچنا چاہیئے۔
6- انسانی حقوق ادا کیئے جانے چاہئیں۔
7- تمام مسلمان بھائی اور برابر ہیں۔
8- اللہ سبحانہ تعالیٰ کی نگاہ میں کسی کا بلند مقام صرف تقویٰ کی بنیاد پر ہے۔
9- اگر امّت نے قرآن اور سنت کی پیروی کی تو وہ گمراہ نہیں ہوگی۔
10- امّت کو نبی اکرم ﷺ کی تعلیمات کو دوسروں تک پہنچانا چاہیے۔

"اے لوگوں! جیسے تم اس مہینے، اس دن اور اس شہر کو محترم سمجھتے ہو اسی طرح ہر انسان کی جان و مال بھی محترم ہے۔"

"جان لو ہر مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے اور سب برابر ہیں۔ کسی کو کسی پر کوئی فضیلت نہیں سوائے تقویٰ اور نیک اعمال کے۔" (احمد)

## 18. اعمال کا جائزہ :

| | اعمال | ہاں | نہیں |
|---|---|---|---|
| 1 | کیا میں نے چاند دیکھنے کی دعا پڑھی؟ | | |
| 2 | کیا میں نے ماہِ ذوالحجہ کے پہلے عشرہ میں روزے رکھے؟ | | |
| 3 | کیا میں نے ماہِ ذوالحجہ میں تکبیرات پڑھیں؟ | | |
| 4 | کیا میں نے عیدالاضحیٰ کے آداب پر عمل کیا؟ | | |
| 5 | کیا میں نے نمازِ عید ادا کی؟ | | |
| 6 | کیا میں نے یا میرے خاندان نے عید کے دن قربانی کی؟ | | |
| 7 | کیا میں نے غریبوں اور ضرورت مندوں کا خیال کیا؟ | | |
| 8 | کیا میں نے قربانی کے جانوروں کی اچھی دیکھ بھال کی؟ | | |
| 9 | کیا میں نے قربانی کے جانوروں کا اپنے دوستوں کے سامنے دکھاوا کیا؟ | | |
| 10 | کیا میں نے قربانی کے بعد اپنے محلے کی صفائی کا خیال رکھا؟ | | |
| 11 | کیا میں نے پانچ وقت کی نماز ادا کی؟ | | |
| 12 | کیا میں روزانہ قرآن پڑھتا ہوں؟ | | |
| 13 | کیا میں نے نبی اکرم ﷺ کے کھانا کھانے کے آداب کی پیروی کی؟ | | |
| 14 | کیا میں نے نبی اکرم ﷺ کے پانی پینے کے آداب کی پیروی کی؟ | | |
| 15 | کیا میں نے نبی اکرم ﷺ کے سونے کے آداب کی پیروی کی؟ | | |
| 16 | کیا میں ہمیشہ سچ بولتا ہوں؟ | | |
| 17 | کیا میں اپنے وعدے پورے کرتا ہوں؟ | | |
| 18 | کیا میں دوسروں کے بھروسے کو برقرار رکھتا ہوں؟ | | |
| 19 | کیا میں لوگوں کو سلام کرتا ہوں؟ | | |
| 20 | کیا میں اپنے والدین کا احترام اور اوران کی فرمانبرداری کرتا ہوں؟ | | |
| 21 | کیا میں صفائی کا خیال رکھتا ہوں؟ | | |
| 22 | کیا میں اپنے اساتذہ کا احترام اوراوران کی فرمانبرداری کرتا ہوں؟ | | |
| 23 | کیا میں اپنی بُری عادتوں کو چھوڑنے کی کوشش کرتا ہوں؟ | | |
| 24 | کیا میں موسیقی سنتا ہوں؟ | | |
| 25 | کیا میں اپنے بہن بھائیوں اور دوستوں کے ساتھ بدتمیزی کرتا ہوں؟ | | |
| 26 | کیا میں نے ان سوالوں کا جواب ایمانداری سے دیا ہے؟ | | |

# 19. CROSSWORD PUZZLE :

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | S | A | C | R | I | F | I | C | E | L | J | N |
| T | E | W | J | Q | M | A | K | K | A | H | K | I |
| A | E | E | V | L | H | D | M | A | R | W | A | H |
| S | J | I | M | I | N | H | A | Q | A | R | A | P |
| H | A | D | N | R | C | U | D | P | F | I | B | B |
| R | M | U | Z | D | A | L | I | F | A | H | A | N |
| E | A | L | A | D | V | H | N | R | T | R | H | F |
| E | R | A | B | S | R | I | A | K | S | A | E | E |
| Q | A | D | H | A | J | J | H | Q | C | M | T | R |
| R | A | H | W | F | V | J | G | W | M | I | N | A |
| A | T | A | W | A | F | A | L | S | Q | W | B | D |
| U | M | I | B | R | A | H | I | M | I | Y | L | G |

*Instruction:* Find out the following words in the above chart?

| | Horizontal | | Vertical |
|---|---|---|---|
| 1. | MAKKAH | 10. | ARAFAT |
| 2. | MINA | 11. | SAFA |
| 3. | MUZDALIFAH | 12. | MADINAH |
| 4. | MARWAH | 13. | JAMARAAT |
| 5. | TAWAF | 14. | KAABAH |
| 6. | SAEE | 15. | DHUL HIJJAH |
| 7. | HAJJ | 16. | IHRAM |
| 8. | SACRIFICE | 17. | TASHREEQ |
| 9. | IBRAHIM | 18. | EIDULADHA |

## 19. الفاظ تلاش کریں :

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذ | ش | ط | س | ر | م | ا | ر | ح | ا | ف | ص | ق |
| و | ہ | و | ر | م | ب | ع | ے | ی | ب | ب | و | ط |
| ا | ح | ا | ت | ن | ھ | غ | د | ت | ر | ج | ر | ن |
| ل | ظ | ف | ش | ی | ح | ض | ا | ل | ا | د | ی | ع |
| ح | ت | ا | ر | م | ج | ب | غ | گ | ہ | ذ | ی | ر |
| ج | ے | ل | ی | ج | م | خ | ک | ب | ی | ع | س | ف |
| ج | و | ت | ق | ب | د | ہ | ک | ک | م | ت | ہ | ا |
| ہ | ط | ء | م | ا | ی | ظ | ع | ل | ص | د | ح | ت |
| س | ا | و | ض | ی | ن | ا | ب | ر | ق | ج | و | ک |
| ہ | ا | ء | ل | ق | ہ | گ | ہ | ف | ل | د | ز | م |

**ہدایات:** درج ذیل حروف کو درج بالا چارٹ میں تلاش کریں:

| اوپر سے نیچے | | دائیں سے بائیں | |
|---|---|---|---|
| عرفات | 10. | مکّہ | 1. |
| منٰی | 11. | مزدلفہ | 2. |
| مدینہ | 12. | صفا | 3. |
| کعبہ | 13. | مروہ | 4. |
| طواف | 14. | جمرات | 5. |
| حج | 15. | سعی | 6. |
| ذوالحجّہ | 16. | احرام | 7. |
| تشریق | 17. | قربانی | 8. |
| ابراہیم | 18. | عیدالاضحیٰ | 9. |

## 20. Supplications                                                                 20. دُعائیں :

### 1. Dua at sighting of moon : چاند دیکھنے کی دعا :

اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُمَّ أَهِلَّهُ عَلَيْنَا بِالأَمْنِ وَالإِيمَانِ وَالسَّلاَمَةِ وَالْإِسْلاَمِ وَالتَّوْفِيْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضَى، رَبُّنَا وَرَبُّكَ اللّٰهُ (سنن دارمی)

اللہ سبحانہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے، اے اللہ سبحانہ تعالیٰ ! تو اسے ہم پر طلوع کر امن، ایمان، سلامتی اور اسلام کے ساتھ اور اس چیز کی توفیق کے ساتھ جس سے تو محبت کرتا ہے اور جسے پسند کرتا ہے۔ (اے چاند) ہمارا رب اور تیرا رب اللہ سبحانہ تعالیٰ ہے۔"

*"Allah سبحانه وتعالى is the greatest. O Allah سبحانه وتعالى, let this moon (month) pass over us with blessings, Iman, safety, and in the belief of Islam. Grant us the ability to act on the actions that You love and Please You. (O moon) Our Lord and your Lord is Allah سبحانه وتعالى ."*

### 2. Takbir of Tashriq : تکبیر تشریق :

اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، لا إِلَهَ إِلا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ (معجم طبرانی)

اللہ سبحانہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے، اللہ سبحانہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے، اللہ سبحانہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، اور اللہ سبحانہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے، اللہ سبحانہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے اور تمام تعریفیں اللہ سبحانہ تعالیٰ کے لیے ہیں۔"

*"Allah سبحانه وتعالى is the greatest, Allah سبحانه وتعالى is the greatest. There is no god besides Allah سبحانه وتعالى, and Allah سبحانه وتعالى is the greatest, Allah سبحانه وتعالى is the greatest, and to Allah سبحانه وتعالى belongs all praise."*

### 3. Talbya : تلبیہ :

لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ (بخاری)

"میں حاضر ہوں اے اللہ سبحانہ تعالیٰ میں حاضر ہوں بے شک ساری تعریفیں اور نعمتیں اور بادشاہت تیرے ہی لئے ہے تیرا کوئی شریک نہیں۔"

*"I am present, O Allah سبحانه وتعالى, I am present. I am present. there is no partner unto You. I am present. Definitely praise and glory is yours (for You). The Kingdom is also Yours. There is no partner for You."*

### 4. Dua for Sacrifice : قربانی کی دعا :

إِنِّي وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضَ حَنِيفًا وَمَا أَنَا مِنْ الْمُشْرِكِينَ إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ لَا شَرِيكَ لَهُ وَبِذَلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُسْلِمِينَ بِسْمِ اللهِ اللهُ أَكْبَرُ اللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ عَنْ مُحَمَّدٍ وَأُمَّتِهِ

(مسند أحمد)

" میں اپنا رخ اس کی طرف کرتا ہوں جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا یکسو ہو کر اور میں شرک کرنے والوں میں سے نہیں ہوں بے شک میری نماز اور میری قربانی اور میرا جینا اور میرا مرنا اللہ سبحانہ تعالیٰ ہی کے لیے ہے جو سارے جہانوں کا پالنے والا ہے۔ جس کا کوئی شریک نہیں اور مجھ کو اسی بات کا حکم ملا ہے۔ اور میں سب سے اوّل فرماں بردار ہوں۔ اللہ سبحانہ تعالیٰ کے نام سے، اللہ سبحانہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے۔ اے اللہ سبحانہ تعالیٰ (یہ قربانی) تیری توفیق سے اور تیرے لیے محمد ﷺ اور ان کی امت کی طرف سے۔"

*"Verily, I have set my face, firmly and truly towards Him Who created the heavens and the earth. And never shall I give partners to Allah سبحانه وتعالى. Verily my prayer and my sacrifice, my living and my dying are for Allah سبحانه وتعالى, Lord of the worlds. He has no partner. And of this I have been commanded, and I am the first of the Muslims. In the name of Allah سبحانه وتعالى. Allah سبحانه وتعالى is greatest. O Allah سبحانه وتعالى! This (sacrifice) is from you and is for you, from Muhammad ﷺ and his Ummah."*